Q#4

س 1: (قطب) کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں؟

2) قطب کی وجہ تسمیہ بیان کریں؟ نیز یہ کس سے ماخوذ ہے؟

3) قوم کی اصطلاح میں قطب سے کیا مراد ہے؟

4) قطب کی اقسام بیان کریں؟

5) کیا کوئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم جانشین بن سکتا ہے؟ اور خلفائے اربعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ کس طرح بنے؟

6) عارف باللہ نے اپنی کتابوں میں قطب کے بارے میں کیا وضاحت فرمائی؟

7) قطب خلافۃ ظاہرہ پر فائز ہوتا ہے یا خلافۃ باطنہ پر مع مثال بیان کریں؟

8) اللہ تعالیٰ نے قطب کے حالات کو ہر خاص و عام سے پوشیدہ کیوں رکھا؟

9) اس امت میں سب سے پہلے قطب کون تھے اور صحابہ کے دور میں اور اس کے بعد پہلے قطب کون تھے؟

10) قطب کے بعد اس کے مرتبہ پر کون آتا ہے؟

11) ابدال کی وجہ تسمیہ بیان کریں؟

12) شرح تائیہ میں ابدال کے بارے میں کیا وضاحت کی گئی ہے؟

13) ابدال کی تعداد کتنی ہے اور اس میں کمی بیشی ہو سکتی ہے کیا؟

14) ابدال کا پہلا اور آخری درجہ کی وضاحت کریں؟

15) ابو درداء رضی اللہ عنہ نے ابدال کے بارے میں کیا وضاحت فرمائی؟

16) ابدال کی صفات یا نشانیاں کیا ہیں؟

17) ابو درداء رضی اللہ عنہ نے ابدال کی صفات کو اپنانے کا کیا طریقہ بیان فرمایا؟

18) عارف ابن عربی نے اپنی کتاب "حلیۃ الابدال میں" ابدال بنانے والی چیزوں کے متعلق کیا حکایت نقل فرمائی ہے؟

19) اوتاد کا لغوی معنی کیا ہے اور عالم میں ان کی کیا اہمیت ہے؟

20) اوتاد کی تعداد کتنی ہے اور اللہ تعالیٰ ان سے کیا کام لیتا ہے؟

21. کعبۃ اللہ کا کونسا رکن کس وتد کے ذمے ہے؟
22. نجباء کی لغوی تحقیق بیان کریں؟
23. نجباء کی تعداد کتنی ہے؟ اور نجباء کی مختصر وضاحت کریں؟
24. نقیب کسے کہتے ہیں؟
25. نقباء کی تعداد کتنی ہے اور انکی خاصیت کیا ہے؟
26. افراد کون ہوتے ہیں؟ ان کی مختصر وضاحت کریں؟
27. "تاریخ بغداد" کتاب میں نقباء، نجباء وغیرہ کی کیا تعداد بیان کی گئی اور ان کا مسکن کیا؟
28. حضرت خضر علیہ سلام سے نجباء و ابدال وغیرہ کی تعداد کے متعلق جو روایت مروی ہے وہ روایت بیان کریں؟
29. نجباء و ابدال وغیرہ کی تعداد میں اختلاف کی کیا وجہ ہے؟
30. کوئی ایک ایسی حدیث نبوی بیان کریں جو نقباء، نجباء وغیرہ کے وجود پر دلالت کرے اور اُن کے مسکن کی خبر دے؟
31. حدیث پاک میں ابدال کی تعداد اور ان کے اہل شام پر نوازش کے بارے میں کیا فرمایا گیا؟
32. کیا ابدال صرف اہل شام کی مدد کرتے ہیں؟ کیونکہ حدیث میں تو اہل شام کی امداد کا ذکر کیا گیا ہے؟
33. ابدال نے رتبہ ابدال کو کیسے پایا اور اُن کی صفات کیا ہیں؟ حدیث کی روشنی میں بیان کریں؟ Pg#16
34. کتنے ابدال شام سے ہیں اور کتنے عراق سے؟ اور ابدال مرد و عورتوں کی تعداد کتنی ہے؟ Pg#16
35. زمین کتنے لوگوں سے کبھی خالی نہیں ہوتی کوئی دو احادیث بیان کریں؟ Pg#15
36. امت محمدیہ کے پانچ سو بہتر لوگوں کے متعلق حدیث نبوی بیان کریں؟ Pg#15
37. جب ابن مسعود سے سوال کیا گیا کہ ابدال و نجباء وغیرہ کیسے زندہ کرتے ہیں اور کیسے موت دیتے ہیں تو انہوں نے کیا جواب دیا؟ Pg#16

(38) عارف ابن عربی نے یہ کیوں کہا کہ ایک وتر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دل پر ہے
جب کہ ایسی کوئی روایت حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ؟ Pg#16

(39) ایک وتر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دل پر ہے اس قول سے کیا مراد ہو سکتا ہے ؟ Pg#16,17

(40) کیا ابدال والی احادیث موضوع ہیں یا متواتر ؟ اور یہ کس کے موقف ہیں ؟ Pg#17

(41) امام کیا فعی کی پیش کردہ حدیث سے کتنے اور کون کونسے مفید نکات
معلوم ہوتے ہیں ؟ Pg#18

(42) کس فرقے کے نزدیک فرشتے افضل ہیں اور کس کے نزدیک انبیاء ؟ Pg#18

(43) میکائیل علیہ سلام افضل ہیں یا جبرائیل علیہ سلام یا اسرافیل علیہ سلام ؟ Pg#18

(44) علامہ مکی اور علامہ جوینی کے درمیان ابدال و نقباء وغیرہ کے متعلق کیا
معاملہ ہوا ؟ مکمل روایت بیان کریں ؟ Pg#19

(45) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ کونسی عادات بتائی کہ جس میں ہوں وہ ابدال ہے ؟ Pg#20

(46) کونسی دعا کو پڑھنے سے آدمی ابدال بن سکتا ہے اور اس کا طریقہ کیا ہے ؟ Pg#20

(47) دعا پڑھ کر اور عادات وغیرہ اپنا کر ابدال بننے کا کیا مطلب ہے ؟ کیا
وہ حقیقی ابدال ہوگا ؟ Pg#20

(48) کیا قطب صرف مکہ اور یمن میں رہتے ہیں ؟ امام شعرانی کے شیخ نے
اس بارے میں کیا فرمایا ؟ Pg#21

(49) اکمل بلد اور بیت کون سا ہے ؟ Pg#21

(50) قطب کی ہر زمانے میں مخلوق پر کیا فضیلت ہے اور قطب کے
جسم اور قلب کی نظیر کیا ہے ؟ Pg#21

(51) خدائی امداد کا زیادہ حصہ کیونکر نازل ہوتا ہے مع دلیل بیان کریں ؟ Pg#21

(52) خدائی امداد بندے پر کب اترتی ہے ؟ مع آیت بیان کریں ؟ Pg#21

(53) حدیث میں حج کے ذریعہ گناہوں سے پاک ہونے کے بارے میں کیا
ذکر ہوا ؟ حدیث بیان کریں Pg#22

(54) کیا کوئی ولی قطب کے اخلاق کا احاطہ کر سکتا ہے Pg#22

(55) کیا قطب کیلئے عہدہ قطبیت پر کوئی مدت معین ہے ؟ وضاحت
سے بیان کریں ؟ Pg#22

CamScanner

56) قطب کے سر میں ہر وقت درد کیوں رہتا ہے؟ Pg#22,23

57) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں اور ان کے بعد قطب کب تک عہدہ قطبیت پر رہے؟ Pg#22

58) شیخ ابو النجا سالم عہدہ قطبیت پر کتنا عرصہ فائز رہے؟ Pg#23

59) کیا قطب کیلئے اہل بیت میں سے ہونا شرط ہے؟ Pg#23

60) قطب پر زیادہ تر مخلوق مطلع نہیں ہو پاتی؟ کیوں؟ Pg#24

61) کیا اولیاء قطب پہ مطلع ہوتے ہیں؟ امام شعرانی کے شیخ نے اس بارے میں کیا فرمایا؟

62) جب شیخ عثمان نے شیخ ابوبکر سے قطب سے ملنے کی خواہش ظاہر کی تو کیا معاملہ رونما ہوا؟ حکایت بیان کریں؟ Pg#24,25

63) امام شافعی نے اپنی کتاب "کفایت المعتقد" میں قطب کے متعلق کیا فرمایا؟ Pg#25

64) قطب و نجباء وغیرہ میں کس کس کے احوال ظاہر ہیں اور کس کے نہیں؟ اور یہ احوال کس پر ظاہر ہیں؟ Pg#25

65) بعض اولیاء کے افعال ظاہر کرنے اور بعض کے ظاہر نہ کرنے میں کیا حکمت ہے؟ Pg#25

66) مخلوقات پر جو آفات نازل ہوتی ہے کیا وہ پہلے قطب پر پہلے نازل ہوتی ہے؟ اور وہ مخلوق میں کیسے پھیلتی ہے وضاحت بیان کریں؟ Pg#26

67) بعض لوگ بے وجہ بوجھ محسوس کرنے لگتے ہیں کبھی کبھار اسکی کیا وجہ ہے؟ Pg#26